© rasailojaraid.com



پیشکش اور اس پر عمل درآمد پر فیصلہ کیا۔ اور اسی کے ساتھ تقابل ادیان پر بھی آپ لیکچر دیں گے۔ آخر میں داخلہ کے لئے قائم اساتذہ کی ذیلی کمیٹی کی شبانہ روز کوششوں سے صاف و شفاف و نظم و نسق کے مطابق داخلہ کرانے پر ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

**حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے بیرون ملک اسفار:** گزشتہ شعبان حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ایک انٹرنیشنل اسلامک کانفرنس میں شرکت کے لئے جنوبی افریقہ تشریف لے گئے۔ یہ کانفرنس دارالخلافہ پریٹوریا میں تین دن تک جاری رہی۔ مولانا مدظلہ نے عالم اسلام کو درپیش موجودہ حالات اور مستقبل میں دینی اداروں اور مدارس عربیہ کی ضرورت و اہمیت پر موثر خطاب فرمایا اور عالم کفر کے طرف سے چیلنجوں پر کھل کر اظہار خیال فرمایا جسے کانفرنس میں بے حد سراہا گیا۔ مولانا مدظلہ نے اس دورہ میں جوہانسبرگ، ڈربن اور بعض دیگر شہروں میں دینی مدارس اور مراکز اسلامیہ کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور وہاں مختلف علماء سے بھی ملاقاتیں کیں۔ واپسی میں حضرت مولانا مدظلہ نے عرب امارات کے شہر دوبئی، ابوظہبی میں چند دن قیام کیا اور رمضان میں واپس تشریف لائے۔ پھر ۲۵ رمضان المبارک کو حضرت مولانا مدظلہ عمرہ کیلئے سعودی عرب تشریف لے گئے۔ آپ شاہی مہمان کی حیثیت سے حجاز مقدس میں ٹھہرائے گئے اور امام کعبہ امام ابن الثبیل و امام حرم مدنی شیخ عبدالرحمان حذیفی اور دیگر اہم سعودی ذمہ داروں سے آپ کی تفصیلی ملاقاتیں کرائی گئیں۔ خصوصاً حرم مکی کے چیف امام ابن ثبیل نے عید کے روز حضرت مولانا مدظلہ کے لئے اپنے گھر پر ایک پرتکلف ظہرانے کا اہتمام بھی فرمایا۔ اسی طرح حضرت مولانا حامد الحق حقانی ایم این اے اور مدیر "الحق" مولانا راشد الحق حقانی نے بھی رمضان میں عمرے کی سعادت حاصل کی۔

**جرمن وزارت خارجہ کے اعلیٰ عہدیدار اور ایمبیسی کے کونسلر کی دارالعلوم آمد:** گزشتہ دنوں جرمن وزارت خارجہ میں پاکستانی شعبے کے چیف جناب مسٹر رابرٹ سیگفریڈ اور فرسٹ کونسلر مسٹر الیگزینڈر مدیر الحق مولانا راشد الحق سے ملاقات کیلئے خصوصی طور پر تشریف لائے اور آپ نے پاکستان اور عالم اسلام کی سیاسی صورتحال پر ان سے تفصیلی گفتگو کی۔ تین گھنٹے اس طویل نشست میں مدیر الحق نے انہیں تفصیل سے دینی مدارس کی اہمیت، نصاب تعلیم، پاکستان و افغانستان، عراق و کشمیر سمیت دیگر اہم موضوعات پر تفصیلی انہیں آگاہ کیا۔ بعد میں انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا تفصیلی دورہ بھی کیا۔ اور نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مولانا حامد الحق حقانی ایم این اے نے بھی ان سے تفصیلی ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

**مدیر الحق کی قارئین حضرات سے دعاؤں کی خصوصی اپیل:** ہم اپنے معزز قارئین، علماء و طلباء کرام اور مخلص و مشفق کرم فرما حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ مدیر الحق مولانا راشد الحق حقانی کی والدہ ماجدہ گزشتہ کافی عرصے سے شدید بیماری میں مبتلا ہیں۔ ان کی صحتیابی کے لئے خصوصی دعائیں فرمائیں ............... (ادارہ)

© rasailojaraid.com